سوال

کیاامام کو دیکھنا واجب ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد کے شمالی جانب ایک قطعہ زمین ہے جو مسجد سے ملحق ہے اوراس کی چار دیواری بنی ہوئی ہے ہم اس زمین کو عورتوں کے لئے مخصوص کر دینا چاہتے ہیں تاکہ وہ رمضان میں یہاں نمازادا کرسکیں توکیا یہ جائز ہے جب کہ وہ یہاں نماز پڑھتے ہوئے امام کو نہ دیکھ سکیں گی بلکہ صرف لاؤڈاسپیکر سے ہی امام کی متابعت کر سکیں گی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مذکورہ زمین میں ان کی نماز کی صحت کے بارے میں علماء میں اختلاف ہے جہاں سے وہ نہ امام کو دیکھ سکیں اور نہ مقتدیوں کو بلکہ صرف تکبیر کی آواز سن سکیں ان کے لئے زیادہ احتیاط اس میں ہے کہ مذکورہ جگہ نمازادانہ کریں بلکہ اپنے گھر میں ادا کریں الایہ کہ مسجد میں انھیں مسجد میں کوئی نمازیوں کےلئے جگہ مل جائے یا کوئی ایسی جگہ ہوجہاں سے وہ امام یا مقتدیوں کو دیکھ سکیں تووہاں نمازادا کرلیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص470

محدث فتویٰ